# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | طلباء | نمبر: | A-185 |
| موضوع: | ابتدائی اور مڈل اسکولوں کے لئے زوننگ لائن | صفحہ: | 3 کا 1 |
| | | جاری شدہ: | 1/14/05 |

## خلاصہ

2003 میں، نئی تشکیل کردہ اجتماعی تعلیمی کونسلز (CECs) کو تعلیمی قانون کے تحت، چانسلر کے ضابطے کے مطابق، اجتماعی مہتممین کے ذریعہ پیش کئے گئے (زوننگ لائنوں) علاقائی سرحدوں کو منظوری دینے کا اختیار دیا گیا ہے، جس کا اطلاق ان کے دائرہ اختیار میں آنے والے اسکولوں پر ہوتا ہے- یہ ضابطہ قانون کی اسی شق کا نفاذ کرتا ہے-

## I. زون کے ضلع اسکول اور علاقائی سرحد کی وضاحت

زون کا ضلع اسکول ایک ایسا اسکول ہے جہاں داخلے کی اہلیت کا انحصار بنیادی طور پر ضلع کے اندر مقررہ جغرافیائی علاقے میں رہائش پر ہے- زوننگ لائن ایسے ہی جغرافیائی علاقوں کے حدود کا تعین کرتے ہیں-

## II. علاقائی سرحدوں میں تبدیلیوں کی منظوری حاصل کرنے کے طریقے

A. اجتماعی مہتمم کی ذمہ داریاں

1. اجتماعی مہتمم ، CECs کو نئے یا تبدیل شدہ علاقائی سرحدوں کی تجاویز پیش کرنے کے ذمہ دار ہوں گے- (ذیل میں II.B دیکھیں)-

2. CEC کو نئے یا تبدیل شدہ علاقائی سرحدوں کی تجویز پیش کرنے سے پہلے اجتماعی مہتمم ، علاقے کے مہتمم اور مقامی تدریسی مہتمم سے رابطہ کریں گے، اور اس پر عمل درآمد کے لئے طلبا کی اندراجی منصوبہ بندی اور طریقِ عمل کے دفتر (OSEPO) سے منظوری حاصل کریں گے- اجتماعی مہتمم کو، اپنی تجویز CEC کو پیش کرنے سے پہلے، موزوں اسکولی برادریوں، ساتھ ہی مجوزہ تبدیلی سے متاثر ہونے والے بچوں کے والدین سے بھی مشورہ کرنا چاہئے-

3. OSEPO کو علاقائی سرحد کی تجویز پیش کرتے وقت، اجتماعی مہتمم لازمی طور پر اس ضابطے کے منسلکہ A میں بیان کردہ طریقے سے درج ذیل معلومات فراہم کریں گے:

a. تجویز کے مقصد کا بیان

b. اس تجویز میں شامل اسکول

c. ابتدائی نفاذ کی مؤثر تاریخ

d. مکمل نفاذ کی مجوزہ تاریخ (اگر تجویز کو مرحلہ وار وقفوں میں نافذ کیا جانا ہو)

e. نفاذ کے پہلے سال میں تمام متاثرہ اسکولوں کے درمیان ہر گریڈ میں منتقل ہونے والے طلبا کی مجوزہ تعداد-

f. تمام متاثرہ اسکولوں اور پروگراموں میں گریڈ کی مجوزہ تنظیم، طلبا کا مجوزہ اندراج، عمارت کی گنجائش اور استعمال، اور داخلہ لینے والے طلبا کی نسلی وابستگی۔

g. علاقائی سرحدوں میں تبدیلی کی مکمل تفصیل

h. مرحلہ وار تجاویز کے لئے، اس بات کا بیان کہ مجوزہ تبدیلیوں کے مکمل نفاذ تک ہر سال متاثرہ اسکولوں اور پروگراموں میں طلبا کا داخلہ کس طرح ہوگا، اور طلبا کے انتخاب کے لئے کسی قسم کی ترجیحات کا بیان۔

i. نفاذ کے پہلے سال کے دوران اسکول بس سروس اور عوامی نقل و حمل کے ذرائع کی ضرورت

4. علاقائی سرحد کی تجاویز کے سلسلے میں لازمی ہے کہ اجتماعی مہتمم OSEPO کو تحریری طور پر، OSEPO کے ذریعہ ہر سال شائع کیے جانے والے پیمانہ وقت کے مطابق، مذکورہ بالا معلومات فراہم کریں۔

5. OSEPO سے منظوری ملنے کے بعد، اجتماعی مہتمم تحریری طور پر مجوزہ علاقائی سرحد کو CEC کی منظوری کے لئے پیش کرے گا۔ تجاویز کو ایسی صورت میں ہی CEC کو پیش کیا گیا مانا جائے گا جب اجتماعی مہتمم یا اس کا قائم مقام تحریری طور پر مجوزہ علاقائی سرحدوں کی تفصیلات CEC کے دفتر میں جمع کرے گا یا بذریعہ ای میل CEC صدر کو بھیجے گا۔

6. CEC سے منظوری ملنے کے بعد، اجتماعی مہتمم CEC کے ذریعہ تسلیم کردہ قرارداد کی ایک نقل OSEPO کو بھیجے گا۔ (ذیل میں IIB3 دیکھیں)

B. CEC کی ذمہ داریاں

1. CEC زون کے ضلع اسکولوں کے لئے اجتماعی مہتمم کے ذریعہ پیش کردہ علاقائی سرحدوں کو منظور کرنے کا مجاز ہوگا۔

2. زون کے ضلع کے ایسے اسکولوں کے معاملے میں جو انتخابی آزادی کی بنیاد پر طلبا کو داخلہ فراہم کرتے ہیں، CECs صرف ان طلبا کے لئے علاقائی سرحدوں کی منظوری کا مجاز ہوگا جن کا داخلہ انتخابی آزادی کے تحت نہیں ہوتا ہے۔

3. اجتماعی مہتمم کے ذریعہ تجویز پیش کرنے کے 45 دنوں کے اندر CECs لازمی طور پر علاقائی سرحدوں پر اپنی رائے دے دیں گے۔

4. ہائی اسکول اور، درج بالا II.B.2 کی صراحت کے علاوہ، ایسے اسکول اور پروگرام جو ایک سے زیادہ اجتماعی اسکولی ضلع کے طلبا کو انتخابی آزادی کی بنیاد پر داخلہ دیتے ہیں، انہیں اس ضابطے

میں شامل نہیں کیا گیا ہے اور وہ CECs کے دائرہ اختیار میں نہیں ہیں- ایسے اسکولوں اور پروگراموں کے لئے صرف چانسلر ہی ذمہ دار ہیں-

## III. اپیل

والدین کی انجمن / والدین - اساتذہ کی انجمن [Parent Associations/Parent-Teacher Associations]، اجتماعی تعلیمی کونسل کے علاقائی سرحدوں سے متعلق فیصلوں پر، فیصلے کے دس دنوں کے اندر چانسلر سے اپیل کر سکتے ہیں- اپیل تحریری طور پر ہی کی جائے اور اس میں اپیل کے لئے خصوصی بنیادوں کا بیان موجود ہو- چانسلر سے کی جانے والی اپیل لازمی طور پر درج ذیل پتے پر ہی ارسال کی جائے-

c/o Office of Legal Services, 52 Chambers Street, New York, NY 10007.

## IV. استفسارات اور تکنیکی تعاون

A. OSEPO اور اسکولوں کی تعمیری انتظامیہ (SCA) ضابطے کے مطابق پیش کی جانے والی تجاویز کی تیاری میں موزوں تکنیکی مدد فراہم کریں گے-

B. OSEPO ضلع کی سرحد اوراسکول علاقائی سرحدوں کا تازہ نقشہ تیار کرے گا جو لوگوں کے دیکھنے کے لئے دستیاب ہونگے-

اس ضابطے سے متعلق استفسارات اس پتے پر ارسال کیے جائیں-

| ٹیلیفون | | فیکس |
|---|---|---|
| 212-374-5426 | *Office of Student Enrollment Planning and Operations*<br>NYC Department of Education<br>52 Chambers Street – Room 415<br>NY, NY 10007 | 212-374-5568 |

# زوننگ لائن (علاقائی سرحد) کی تجویز پیش کرنا

1. تجویز کے مقصد کا مختصر بیان:

2. تجویز میں شامل اسکول:

3. ابتدائی نفاذ کی مؤثر تاریخ:

4. مکمل نفاذ کی مجوزہ تاریخ (اگر مرحلہ وار ہو):

5. نفاذ کے پہلے سال میں تمام متاثر اسکولوں کے درمیان برگریڈ میں منتقل ہونے والے طلباء کی مجوزہ تعداد:

| بھیجنے والا اسکول یا پروگرام | وصول کرنے والا اسکول یا پروگرام | گریڈز | منتقل ہونے والے طلباء کی تعداد |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

6. تمام متاثر اسکولوں اور پروگراموں میں گریڈ کی مجوزہ تنظیم، طلباء کا مجوزہ اندراج، عمارت کی گنجائش اور استعمال، اور داخلہ لینے والے طلباء کی نسلی وابستگی:

a. نفاذ سے قبل کے سال میں

| اسکول یا پروگرام | گریڈ کی تنظیم | عمارت کی گنجائش | 31 اکتوبر کا رجسٹر | عمارت کا استعمال | فیصد اقلیت |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

b. نفاذ کے پہلے سال میں

| اسکول یا پروگرام | گریڈ کی تنظیم | عمارت کی گنجائش | 31 اکتوبر کا رجسٹر | عمارت کا استعمال | فیصد اقلیت |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

c. آخری نفاذ کے سال میں

| اسکول یا پروگرام | گریڈ کی تنظیم | عمارت کی گنجائش | 31 اکتوبر کا رجسٹر | عمارت کا استعمال | فیصد اقلیت |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

7. ذیل کے معیاری فارم کا استعمال کرتے ہوئے زون لائن میں کی گئی تمام تبدیلیوں کی مکمل تفصیل: " ... (نکتہ آغاز)... کے مقام سے شروع کرکے... (نکتہ آغاز) کے مقام پر ہی ختم کریں:"

8. مرحلہ وار تجاویز کے لئے، اس بات کا بیان کہ مجوزہ تبدیلیوں کے مکمل نفاذ تک ہر سال متاثر اسکولوں اور پروگراموں میں طلباء کا داخلہ کس طرح ہوگا، جیسے پیش اندراج، موقع پر داخلے، فہرست بناکر اور رضاکارانہ تبادلے کے ذریعہ، اور اس بات کا بیان کہ طلباء کے انتخاب کے لئے کسی قسم کی ترجیحات کا تعین کیا گیا ہے، جیسے بھائی بہنوں کے لئے:

سال 1:

سال 2:

سال 3:

9. نفاذ کے پہلے سال کے دوران اسکول بس سروس اور عوامی نقل و حمل کے ذرائع کی ضرورت:

| اسکول یا پروگرام | گریڈ | اسکول بس کے طلباء کی تعداد | عوامی ذرائع نقل وحمل کا استعمال کرنے والوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |